سوال

(88) وضو شروع کرتے وقت کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضو شروع کرتے وقت کیا پڑھنا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو کے شروع میں 'بِسمِ اللّٰہِ' پڑھنی چاہیے۔ سنن النّسائی : باب التسمیة عند الوضو، رقم:۷۸،

اور ''معجم صغیر'' طبرانی میں بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ الفاظ بھی مروی ہیں : 'بِسمِ اللّٰہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ'

صاحب ''مجمع الزوائد'' نے اس کو حسن قرار دیا ہے۔ جبکہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ اور ابن طاہر رحمہ اللہ نے اس کو منکر قرار دیا ہے۔ (الفوائد المجموعة للشوکانی تحقیق عبدالرحمن الیمانی رقم ۳۲) البتہ صاحب ''العون'' تکمیل کے قائل ہیں۔ ملاحظہ ہو! عون المعبود (۴/۴۱۰) لیکن ان کے پیش کردہ دلائل مزید نظر (غوروفکر) کے متقاضی (محتاج) ہیں۔ (والعلم عندا تعالیٰ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارة : صفحہ:130

محدث فتویٰ